اگر استطاعت ہو تو زمین پر نماز پڑھو ورنہ اشارہ سے پڑھ لو اور سجدہ میں رکوع کی نسبت زیادہ جھکو

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک مریض کی عیادت کو لیے آئے تو آپ ﷺ نے دیکھا کہ وہ تکیے پر نماز پڑھ رہا ہے، آپ نے وہ تکیہ لیا اور اس کو پھینک دیا، اس نے لکڑی پکڑی تاکہ اس پر نماز پڑھے آپ ﷺ نے اس کو بھی لیا اور پھینک دیا اور فرمایا: اگر استطاعت ہو تو زمین پر نماز پڑھو ورنہ اشارہ سے پڑھ لو اور سجدہ میں رکوع کی نسبت زیادہ جھکو

[صحیح] [اسے امام بزّار نے روایت کیا ہے - اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں مریض کی نماز کی ادائیگی کی کیفیت بیان کی جا رہی ہے کہ اگر وہ پیشانی کو زمین پر رکھنے پر قدرت نہیں رکھتا جو کہ نماز میں حسبِ استطاعت زمین پر رکھنی واجب ہے تو وہ حالت رکوع اور سجود میں اشارہ سے کام لے جب کہ حالتِ سجود میں رکوع کی نسبت جھکاؤ زیادہ ہونا چاہیے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10952

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY